## چار ایمبولینسز مردان، صوابی اور کاٹلنگ کے کیمپس میں اپنی خدمت سرانجام دیتی رہیں




الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کے ذمہ داران متاثرین سوات کے 12 واں قافلے کو رخصت کررہے ہیں

## الخدمت مائیکروفنانسنگ (چھوٹے کاروباری قرضے)

اس سال بے روزگار افراد کو روزگار فراہم کرنے کے لئے بلاسود قرضوں کے اجراء کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ پہلے تین ماہ میں چار لاکھ پندرہ ہزار روپے کے تیئس افراد کو کاروبار شروع کرایا گیا ہے۔ جس میں قرض دی جانے والی رقم آسان قسطوں میں بغیر سود کے باقائدہ ایک نظام کے تحت واپس لی جاتیں ہیں۔ اس نظام کو کامیابی سے چلانے کے لیے تربیت یافتہ عملہ رکھا گیا ہے۔

الخدمت مائیکروفنانسنگ کی تاجر برادری سے اپیل ہے کہ وہ پیشہ ورگداگروں کو دینے کی بجائے الخدمت مائیکروفنانسنگ کے تعاون سے لوگوں کو کاروبار کروائیں جس میں الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات تاجر برادری سے ہر قسم کا تعاون کرے گی۔ ہر سطح کی انجمن تاجران مائیکروفنانسنگ کو قومی فریضہ سمجھ کر اس کی ادائیگی کے لیے باقائدہ منصوبہ بندی کریں۔ اس طرح حقیقی ضرورت مند اپنے پاؤں پر کھڑا ہوسکیں گے اور پیشہ ور گداگروں کی حوصلہ شکنی بھی ہوگی۔



حاجی لال خان ناروے، پرویز اختر U.K اور چوہدری عمران انور الخدمت مائیکروفنانسنگ اسکیم سے قرضہ حاصل کرنے والوں میں چیک تقسیم کررہے ہیں

## پانچ کلینکس کے ذریعے 32740 مریضوں کا علاج وادویات

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کے تحت اس وقت پانچ کلینکس جہاں مستحق مریضوں کو مفت جبکہ دیگر مریضوں کو 10 روپے پرچی فیس پر ادویات فراہم کی جاتی ہیں

### دالی بانٹھ میں ایک نئے کلینک کا آغاز

تحصیل گجرات کے گاؤں دالی بانٹھ میں سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن دالی بانٹھ چوہدری مظفر سیال کے خصوصی تعاون اور صدر چوہدری محمد امین و جنرل سیکرٹری، چوہدری محمد منشاء کی کاوشوں سے ایک نئے کلینک کا آغاز ہوچکا ہے جہاں پر دن 9 سے 12 بجے تک مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے پہلے ماہ میں 804 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا۔

## آپ بھی اپنے علاقے میں کلینک قائم کرسکتے ہیں جسکا انتظام و انصرام الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کرے گی

- ☆ الخدمت فتح علی نیاز علی کلینک چنڈالہ میں 12104 مریضوں کا علاج کیا گیا۔
- ☆ الخدمت کلینک کنجاہ میں 9758 مریضوں کا علاج کیا گیا۔
- ☆ الخدمت بشیر غوری کلینک گجرات میں 6302 مریضوں کا علاج کیا گیا۔
- ☆ الخدمت قاسم میموریل کلینک دالی بانٹھ میں 2302 مریضوں کا علاج کیا گیا۔

## فری طبی امداد مہیا کرنے کے لئے مختلف علاقوں میں 22 سکن میڈیکل کیمپس سے 2274 مریضوں کا علاج کیا گیا

سکن کیمپس کے لیے کلاسیفائیڈ سکن سپیشلسٹ میجر (ر) ڈاکٹر خالد جمیل صاحب پورا سال مریضوں کو فری چیک کرتے رہے اور مستحق مریضوں کو اپنے پاس سے فری ادویات بھی فراہم کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس کام کی جزاء خیر عطاء فرمائے۔ (آمین) ہاجرہ کلینک جلال پور جٹاں میں ہر مہینے کی پہلی اتوار سکن کیمپ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ پورا سال 11 کیمپس میں 1179 مریضوں کا فری علاج کیا گیا ہے۔ لالہ موسیٰ شہر میں ہر مہینے کی آخری اتوار کو سکن کیمپ کا انعقاد کیا جاتا ہے جہاں 11 کیمپس میں 1095 مریضوں کو فری طبی امداد مہیا کی گئی۔

## تحصیل سرائے عالمگیر میں الخدمت ایمبولینس سروس کا آغاز اور دفتر کا قیام

رواں سال میں تحصیل سرائے عالمگیر کے صدر مرزا ابشارت سعید کی خصوصی کاوشوں سے ایک ایمبولینس کا اضافہ ہوا اور الخدمت فاؤنڈیشن کے دفتر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جس کا افتتاح ڈاکٹر سید احسان اللہ شاہ نے کیا۔ اس کے علاوہ مرزا مشیت الرحمٰن صدر بار ایسوسی ایشن سرائے عالمگیر وڈاک تھال کے صدر حاجی محمد رفیق اور شیلٹر میڈیا سنٹر سرائے عالمگیر کی صحافی برادری نے خصوصی شرکت کی۔